پریس ریلیز

کورونا وائرس کیخلاف محاذِ جنگ لڑنے والے صحت سے وابستہ افراد عالمی ہیروز ہیں

حکومتی ایس او پیز ،طبی ماہرین کی گائیڈ لائن ، احتیاطی تدابیر نظر انداز کرنا زندہ قوموں کی نشانی نہیں

عالمی وبا ، طویل دورانیہ خطرناک ، اثرات مہلک ہو تے جا رہے ہیں:پرنسپل پی جی ایم آئی

ڈاکٹرز ،نرسز اور پیرامیڈیکس کا کردار لائق تحسین ،شہری بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں:پروفیسر الفرید ظفر

ہر شخص کو انفرادی سطح پر کورونا روکنے کے لئے اپنے اپنے اہل خانہ کو احتیاطی تدابیر پر عملدرامد کو یقینی بنانا ہوگا

30 مارچ ڈاکٹرز ڈے، سب کو ڈاکٹرز کمیونٹی کا شکریہ ادا کرنا چاہیے: پروفیسر محمد معین، پروفیسر طاہر صدیق، ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، ڈاکٹر عبدالعزیز کی گفتگو

لاہور 29 مارچ:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا کہ کورونا وائرس کے خلاف محاذ جنگ لڑنے والے صحت سے وابستہ افراد عالمی ہیروز ہیں، آج دنیا ہیلتھ پروفیشنلز کو قومیت، علاقائیت، لسانیت اور مذہب کے نام سے ماروائے ہو کر انسانیت کے مجاہد کے نام سے پہچان رہی ہے۔ڈاکٹرز کے عالمی دن کے حوالے سے پروفیسر الفرید ظفر، پروفیسر محمد معین، پروفیسر طاہر صدیق، ڈاکٹر لیلیٰ شفیق اور ڈاکٹر عبدالعزیز نے گفتگو میں کہا کہ اس امر میں کوئی شک نہیں کہ ڈاکٹرز، نرسیں اور پیرا میڈکس ہر طرح کی صورتحال میں اپنی جانیں خطرے میں ڈال کر فرنٹ فٹ پر ہمہ وقت اپنے فرائض منصبی پیشہ وارانہ لگن کے ساتھ ادائیگی میں مصروف عمل ہیں۔ 30 مارچ کا ڈاکٹرز ڈے ہمیں اس امر کی یاد دلاتا ہے کہ ہم سب کو ڈاکٹرز کمیونٹی کا شکریہ ادا کرنا چاہیے کیونکہ دکھی انسانیت کی خدمت کے لئے کوشاں ڈاکٹرز اور میڈیکل سٹاف کا کردار لائق تحسین ہے البتہ شہریوں کو بھی اس ضمن میں ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔کورونا کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ان پروفیسر صاحبان کا کہنا تھا کہ حکومت کی جانب سے بارہا اعلانات اور متعدد اقدامات کے باوجود معاشرہ مجموعی طور پر غیر ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیے ہوئے ہے جو انتہائی قابل افسوس ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں بطور قوم چاہیے کہ مثبت سوچ کا مظاہرہ کرتے ہوئے کورونا وبا کے خلاف متحد ہو کر فرنٹ فٹ پر لڑنے والے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس کا ساتھ دیں اور ان کی ہر ممکن کوششوں کو کامیاب بنائیں لیکن یہ سب تب ممکن ہو گا جب ہر شخص کو انفرادی سطح پر کورونا روکنے کے لئے اپنے اپنے اہل خانہ کو احتیاطی تدابیر پر عملدرامد کو یقینی بنائے گا۔حکومتی ایس او پیز، طبی ماہرین کی گائیڈ لائن، احتیاطی تدابیر نظر انداز کرنا زندہ قوموں کی نشانی نہیں۔علاوہ ازیں طبی ماہرین نے طب سے وابستہ افراد کی سلامتی، صحتیابی اور کورونا کے خلاف کامیابی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر و دیگر طبی ماہرین نے کہا کہ کورونا وبا عالمی سطح پر مہلک شکل اختیار کر چکی ہے اور اس کی تیسری لہر نے بالخصوص یورپ اور ایشیا کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کورونا نے دن بدن طویل دورانیہ اختیار کر لیا ہے اور اس کے اثرات انتہائی مہلک ہوتے جا رہے ہیں۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ اس صورتحال میں ہیلتھ پروفیشنلز کی ذمہ داریوں اور خطرات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے لیکن صرف میڈیکل پروفیشن سے تعلق رکھنے والے افراد اس عالمی وبا کا مقابلہ نہیں کر سکتے ہیں اس کے لئے پوری کمیونٹی کو احساس ذمہ داری پیدا کرنا ہوگا اور کورونا ایس او پیز کو لے کر اپنے غیر سنجیدہ رویے کو ترک کرتے ہوئے احتیاطی تدابیر پر 100 فیصد عمل درآمد کرنا ہوگا بصورت دیگر کورونا وبا انسانیت کے لئے بہت بڑا المیہ ثابت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ اگر عوام نے اپنی سرگرمیاں محدود نہ کیں، ماسک کا استعمال فرض سمجھ کر پورا نہ کیا، سماجی فاصلوں کو پس پشت ڈالا تو اس صورتحال میں شعبہ صحت سے وابستہ افراد اپنا کردار ادا کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے۔

☆☆☆☆

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر، پروفیسر محمد معین، پروفیسر طاہر صدیق، ڈاکٹر لیلیٰ شفیق اور ڈاکٹر عبدالعزیز ڈاکٹرز ڈے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے